© rasailojaraid.com



# طبِّ نبوی ؐ

مرتبہ: حافظ نذر احمد

ملنے کا پتہ: مسلم اکادمی - نذر منزل ۲۹/ ۱۸ ، محمد نگر، علامہ اقبال روڈ لاہور

سائز: ۳۰×۲۰ / ۱۶ ، صفحات ۲۴۰ ، قیمت: چار روپے پچاس پیسے -

سستا ایڈیشن: تین روپے ۵۰ پیسے -

حافظ نذر احمد پرنسپل شبلی کالج لاہور، متعدد کتابوں کے مصنف ہیں - زیرِ تبصرہ کتاب "طبِ نبوی ؐ" اپنے موضوع پر ان کی معلومات افزا تصنیف ہے جو صحت اور حفظانِ صحت ، بیمار اور بیماری کا فلسفہ، علاج اور پرہیز، معالجاتِ نبوی، کھانا اور کھانے کے آداب، پانی پینے کے آداب، نشست و برخاست کے اصول، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی غذا اور عیادتِ مریض وغیرہ نو ابواب پر مشتمل ہے -

اس میں ان امراض اور ان کے علاج کی نشاندہی کی گئی ہے ، جن سے متعلق احادیثِ نبوی میں کچھ اشارات پائے جاتے ہیں - ہر باب میں متعلقہ احادیث ، ان کے ترجمے اور مناسب تشریح کے ساتھ بہتر انداز میں جمع کر دی گئی ہیں - جو حضرات اس موضوع سے لگاؤ رکھتے ہیں ان کے لیے کتاب میں احادیث نبوی کی روشنی میں اچھا خاصا طبی ذخیرہ موجود ہے -

معلوم ہوتا ہے ، اس کی تصحیح کی طرف مناسب توجہ مبذول نہیں کی گئی - احادیث کے عربی متن میں بہت سی غلطیاں رہ گئی ہیں جو ایک علمی کتاب کی افادیت پر اثر انداز ہوتی ہیں -

امید ہے ، آیندہ ایڈیشن میں اس کا خیال رکھا جائے گا -

(م - ا - ب)

© rasailojaraid:com